Member APNS Email:mashriqdak@gmail.com / mashriqnews3@gmail.com

سچ اور سچ کے سوا کچھ نہیں ! ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

وہی ہے مشرق و مغرب کا مالک (القرآن)

روزنامہ مشرق لاہور

چیف ایگزیکٹو حاجی شوکت علی کاکڑ

چیف ایڈیٹر عبدالباقی کاکڑ

جلد: 15 منگل 20 رمضان المبارک 1447ھ 10 مارچ 2026ء 27 پھاگن 2082 ب صفحات: 10 قیمت: 30 روپے شمارہ: 350

بدانتظامی کیخلاف وفاقی محتسب کا اہم کردار ہے: چیف جسٹس

وفاقی محتسب کی ملاقات، اداروں کے درمیان رابطوں کو مضبوط کرنے پر اتفاق

عوامی شکایات کے موثر ازالے کے نظام کو مزید فعال بنانے پر بھی زور

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سپریم کورٹ میں وفاقی محتسب نوید کامران بلوچ کی چیف جسٹس یحییٰ آفریدی سے ملاقات، انصاف کی فراہمی اور عوامی مسائل کے حل سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا گیا، اعلامیے کے مطابق ملاقات میں ادارہ جاتی تعاون، شفافیت اور احتساب کے نظام کو مزید مؤثر بنانے پر گفتگو ہوئی، ملاقات میں انصاف تک رسائی بہتر بنانے اور اداروں کے درمیان رابطوں کو مضبوط کرنے پر اتفاق کیا گیا جبکہ عوامی شکایات کے مؤثر ازالے کے نظام کو مزید فعال بنانے پر بھی زور دیا گیا، چیف جسٹس یحییٰ آفریدی نے کہا بدانتظامی کیخلاف شہریوں کو ریلیف فراہم کرنے میں وفاقی محتسب کا اہم کردار ہے۔

محمد قاسم جان کی پیسکو کے چیف ایگزیکٹو آفیسر اختر حمید سے ملاقات

پیسکو وفاقی محتسب کے فیصلوں پر مکمل تعاون کے ساتھ عملدرآمد جاری رکھے گا، اختر حمید

پشاور (جنرل رپورٹر) وفاقی محتسب سیکرٹریٹ ریجنل آفس پشاور کے ریجنل انچارج محمد قاسم جان نے واپڈا ہاؤس پشاور میں پیسکو کے چیف ایگزیکٹو آفیسر اختر حمید خان سے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران محمد قاسم جان نے چیف ایگزیکٹو پیسکو کو وفاقی محتسب آف پاکستان کی جانب سے اعزازی شیلڈ اور گلدستہ پیش کیا اور وفاقی محتسب کے ان فیصلوں پر موثر عملدرآمد میں تعاون کرنے پر ان کا شکریہ ادا کیا جو پیسکو سے متعلق عوامی شکایات کے ازالے کے سلسلے میں جاری کیے گئے۔ اس موقع پر چیف ایگزیکٹو پیسکو اختر حمید خان نے یقین دہانی کرائی کہ پیسکو مستقبل میں بھی وفاقی محتسب کے فیصلوں پر مکمل تعاون کے ساتھ عملدرآمد جاری رکھے گا تاکہ صارفین کے مسائل بروقت حل ہو سکیں۔ ملاقات میں ادارہ جاتی تعاون کو مزید مضبوط بنانے، عوامی شکایات کے فوری ازالے اور انتظامی امور میں شفافیت کو فروغ دینے پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ عوام وفاقی اداروں کے خلاف بدانتظامی سے متعلق اپنی شکایات وفاقی محتسب سیکرٹریٹ ریجنل آفس پشاور یا